# زندگی کا سب سے اہم سوال ۔۔۔۔

# کیا آپ خُدا میں راست ہیں؟

کیا آپ محرومی، نا اُمیدی، خوف، پریشانی، دُکھ، غم، فکر اور خطا کے مُسلسل احساسات سے جدوجہد کرتے ہیں؟ اِن میں سے ہر ایک احساس ایک اشارہ ہے کہ انسان خُدا میں راست نہیں ہے۔ یسوع مسیح نے وعدہ کیا کہ جو کوئی اُس پر ایمان لاتا ہے وہ سلامتی اور شادمانی، اور اِس کے علاوہ ابدی زندی کی برکات سے معمور ہوگا۔ اگر آپ کو فکر ہے کہ آپ کا خُدا کے ساتھ سچا تعلق نہیں ہے، تو مہربانی سے پڑھیں کہ کیسے آپ خُود یسوع مسیح کی مُحبت کا تجربہ ذاتی طور پر کر سکتے ہیں۔

## سلامتی، شادمانی اور ابدی زندگی کیلئے چھ اقدامات:

### پہلا قدم:

پہلا کام جو آپ کو کرنا ہے وہ یہ ہے کہ دونوں خُدا اور اپنے آپ میں راست ہوں۔ آپ کو اپنی مرضی سے یہ اقرار کرنا ہوگا کہ آپ نے خطا کی ہے اور خُدا آپ کے گناہوں کے سبب آپ کی عدالت کرے گا۔ بائبل کہتی ہے کہ ''سب نے گُناہ کیا'' اور یقیناً اِن میں آپ بھی شامل ہیں۔ (رومیوں 3:23)۔ گُناہ کی کُچھ مثالیں، جھوٹ بولنا، چوری کرنا، فریب دینا، نفرت کرنا، نشہ کرنا، زنا کاری کرنا اور دیگر ہیں۔ حالانکہ درج بالا ہر ایک عمل غلط ہے لیکن حقیقی گُناہ اِن سب سے بڑھکر خُدا میں رسات نہ ہونا ہے۔ بائبل کہتی ہے کہ ہر ایک بشر کو یسوع مسیح کے آگے اپنے اعمال کا حساب دینا پڑے گا۔ وہ جنہوں نے یسوع کی پیروی سے انکار کیا ہوگا اُنہیں زندہ آگ کی جھیل میں ڈالا جائے جو ابدالآباد اُن کے آگے جلتی رہے گی (مُکاشفہ 20:10-15)۔

### دُوسرا قدم:

دُوسرا کام جو آپ کو کرنا ہے قبول کریں کہ مسیح نے آپ سے مُحبت رکھی اور آپ کے گُناہوں کے کفارے کے لئے اپنی جان دی تاکہ آپ آگ کی جھیل میں نہ ڈالے جائیں۔ بائبل کہتی ہے کہ ''جب ہم گناہگار ہی تھے تو مسیح ہماری خاطر مُوا'' (رومیوں 5:8)۔ یسوع ہماری انسانی کمزوریوں کو سمجھتا ہے اور اُس نے آنے والی عدالت کے لئے ہمارے لئے راہ تیار کی ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ ہم سب کو ایک دوسرا موقع دے، ہمارے گُناہوں کی معافی دیتے ہوئے اور اپنی روح سے معمور کرتے ہوئے تاکہ اُس کے لئے زندہ رہیں۔

## تیسرا قدم:

تیسرا کام جو آپ کو کرنا ہے کہ توبہ کریں۔ اِس کا مطلب ہے کہ آپ اپنے گناہوں کے لئے پشیمان ہوں اور اپنے دل میں یسوع میں ایمان رکھنے، اُس کے کلام میں زندگی گُزارنے اور اپنے آپ کو دوبارہ گُناہ کرنے سے ہر طرح سے باز رکھنے کا پکا ارادہ کریں۔ بائبل کہتی ہے کہ خُدا ''اب سب آدمیوں کو ہر جگہ حُکم دیتا ہے کہ توبہ کریں''۔(اعمال 17:30)۔توبہ کوئی طرزِ انتخاب نہیں ہے۔معافی پانا اور ہمیشہ کی زندگی پانا ناممکن ہے اگر آپ اپنے گُناہوں سے باز نہیں آتے۔ اگر آپ گناہ کی زندگی سے کنارہ کرنا چاہتے ہیں تو یسوع تیار ہے کہ آپ کی مدد کرے۔

## چوتھا قدم:

اگلا کام جو آپ کو کرنا ہے کہ یسوع مسیح کے نام میں پانی کا بپتسمہ لو(اعمال 2:38)۔ یہ ایمان کا پہلا عمل ہے کہ ہر شخص تابعدار رہے تا کہ خُدا سے اپنی فرمانبرداری کی خواہش کو ظاہر کر سکے۔ یسوع اِس ایمان کے عمل کا جواب ہر اُس گُناہ کو معاف کرنے سے دے گا جو آپ نے کبھی کئے ہیں۔ یسوع کہتا ہے:''جو ایمان لائے اور بپتسمہ لے، نجات پائیگا''(مرقس 16:16)۔اگر آپ ایمان رکھتے ہیں کہ یسوع آپ کے گناہوں کے لئے موا اور ارادہ کر چُکے ہیں کہ آپ خُدا کی مرضی موافق زندگی گُزارنا چاہتے ہیں، تو پھر آپ کو جتنی جلدی ممکن ہو سکے، یسوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لینا ہوگا۔

## پانچواں قدم:

پطرس کہتا ہے کہ وہ جو توبہ کرتے ہیں اور بپتسمہ لیتے ہیں' روح القدس کی نعمتیں انعام میں پائیں گے'(اعمال 2:38)۔ روح القدس یسوع مسیح کی قدرت اور موجودگی ہے جو آپ کی زندگی میں سکونت کرتی ہے تا کہ آپ کو راست رہنے میں معاونت کر سکے اور آپ کو ابدی زندگی سے معمور کر سکے۔ بائبل کہتی ہے''جس نے مسیح یسوع کو مُردوں میں سے جلایا وہ تُمہارے فانی بدنوں کو بھی اپنے اُس رُوح کے وسیلہ سے زندہ کریگا جو تُم میں بسا ہوا ہے''(رومیوں 8:11)۔ کیا ہی حیرت انگیز وعدہ ہے! جیسے یسوع کو مُردوں میں سے جلایا گیا تھا اور اب ہمیشہ کے لئے زندہ ہے، اِسی طرح آپ کے لئے بھی ہوگا جب آپ ایک بار روح القدس سے معمور ہو جائیں گے۔

## چھٹا قدم:

آخری کام جو آپ کو کرنا ہے تا کہ آپ خُدا میں راست بن سکیں وہ یہ ہے کہ اپنی مقامی کلیسیا میں شامل ہوں جو آپ کو بائبل کی سچائیوں کے

بارے میں سکھائے گی۔آپ اپنے طور پر بھی بائبل کا مطالعہ کرنا شروع کریں اور ہر روز اِس امر میں وقت گُزاریں کہ خُدا آپ کو اُس کی کامل مرضی ڈھونڈنے میں مدد کرے۔نجات ایک مرتبہ کا تجربہ نہیں ہے، یہ طرز زندگی ہے۔ یہ تب شروع ہوتی ہے جب آپ اپنے گُناہوں سے توبہ کرتے ہیں، مسیح میں ایمان رکھتے ہیں، پانی کا بپتسمہ لیتے ہیں اور روح القدس پاتے ہیں۔لیکن اگر آپ کو اپنے بپتسمہ کے بعد خُدا میں راست رہنا ہے تو آپ اُس کی طرز پر زندگی بسر کرنے کا انداز بھی سیکھیں۔

-----------------------------------

جب ایک مرتبہ آپ اِن چھ اقدامات کی پیروی کر لیتے ہیں اور خُدا کے ساتھ اپنے ذاتی تعلق میں داخل ہو جاتے ہیں، تو پھر بھی آپ اپنی زندگی میں بہت سی مُشکلات اور پُر درد صُورتحال کا سامنا کریں گے۔لیکن یسوع مسیح کے ساتھ، چاہے کیسی ہی مُشکل زندگی کیوں نہ ہو جائے، آپ ہمیشہ اپنے اندر بہت سی سلامتی، شادمانی اور اُمید پائیں گے۔۔۔۔

''اے محنت اُٹھانے والو اور بوجھ سے دبے ہوئے لوگو سب میرے پاس آوٗ، میں تُمکو آرام دُونگا۔میرا جُوا اپنے اوپر اُٹھا لو اور مُجھ سے سیکھو، کیونکہ میں حلیم ہوں اور دل کا فروتن، تو تُمہاری جانیں آرام پائینگی''۔متی 29-11:28۔

اگر آپ اپنی خطاوٗں، پریشانیوں اور محرومیوں کو خیر باد کہنا چاہتے ہیں تو اب ارادہ کر لیں کہ آپ اپنے آپ کو واحد سچے مُنجی، یسوع مسیح کے ہاتھوں میں دے رہے ہیں۔اپنے گُناہوں کی معافی کے لئے اُس کے پاس توبہ کرتے ہوئے، ایمان رکھتے ہوئے اور اُس کے جلالی نام میں بپتسمہ لیتے ہوئے آئیں، تو وہ آپ کو اپنے حیرت انگیز روح القدس سے معمور کرے گا۔

اگر آپ چاہتے ہیں، کہ کوئی آپ کی مدد کرے اور آپ کو بائبل کے بارے میں سکھائے یا آپ بپتسمہ لینا چاہتے ہیں، اور اپنے علاقے میں بائبل پر ایمان رکھنے والی کلیسیا میں شامل ہونا چاہتے ہیں، تو مہربانی فرما کر رابطہ کریں:

Translated by M.Y.
http://seapmultan.tripod.com

Apostolische Pfingstgemeinde Mannheim
Friedelsheimerstr. 18-20
D - 68199 Mannheim (Neckarau) /Germany
Pastor Raymond Wey
Assistent Pastor Sascha Wey
www.jesus-is-god.de, www.v-p-m.de